BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# جارج ہچکاک میموریل انڈومنٹ فنڈ کے لیے درخواستوں کی وصولی عمل اب جاری ہے

***فائر سروسز میں اپنا کیریئر بنانے کے خواہشمند برامپٹن کے رہائشیوں کو درخواست دینے کی ترغیب دی جاتی ہے***

برامپٹن، آن (1 مارچ 2023) – کیا آپ فائر سروس میں کیریئر بنانے میں دلچسپی رکھتے ہیں؟ برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کا جارج ہچکاک میموریل انڈومنٹ فنڈ دلچسپی رکھنے والے امیدواروں سے اب درخواستیں وصول کر رہا ہے۔

یہ فنڈ آنجہانی ڈویژنل چیف جناب جارج ہچکاک کے اعزاز میں بنایا گیا تھا، جنہوں نے فائر سروس میں کیریئر بنانے کے خواہشمند بہت سے لوگوں کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی تھی۔

فائر سروس میں کیریئر بنانے والوں کی پوسٹ سیکنڈری ٹیوشن فیس کی مد میں 1,000$ کی ایک برسری دستیاب ہے۔ امیدواروں کے لیے لازمی ہے کہ وہ آگ سے بچاؤ کے کسی متعلقہ پروگرام میں اونٹاریو پوسٹ سیکنڈری اسکول ڈپلومہ حاصل کر رہے ہوں۔

**طریقہ کار**

درخواست فارم آن لائن طور پر یہاں پر دستیاب ہیں: www.bramptonfire.com اور لازمی طور پر اس پتہ پر بھیجنے چاہیں: firelife@brampton.ca درخواستیں وصول کرنے کی مدت مورخہ 14 اپریل 2023 کو یا 30 عدد درخواستیں موصول ہو جانے پر بند ہو جائے گی۔

شارٹ لسٹ کیے گئے امیدواروں کا انٹرویو لیا جائے گا اور ایک درخواست دہندہ کو کورس میں اندراج کروانے پر 1,000$ مالیت کی برسری کے لیے منتخب کیا جائے گا۔ کامیاب درخواست دہندہ کو اونٹاریو کے کسی پوسٹ سیکنڈری اسکول پروگرام میں داخلے کی قبولیت کا ثبوت فراہم کرنا ہو گا۔

**اقتباسات:**

"سٹی آف برامپٹن ہر سال فائر سروسز میں کیریئر بنانے والے طلباء و طالبات کی مدد کرتا ہے۔ ہم ایک صحت بخش، محفوظ اور معاون شہر ہیں اور ہماری برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز ٹیم کا شمار ہماری بہترین ٹیموں میں ہوتا ہے۔ میں جارج ہچکاک برسری کے لیے درخواست دینے والے تمام افراد کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں جو اس عظیم شعبے میں اپنے کیریئر کو آگے بڑھانا چاہتے ہیں اور ہماری کمیونٹی کی ہر روز حفاظت کے لیے کام کرنے والے افراد کے ایک انتہائی قابل قدر گروپ میں شامل ہونے کے لیے پہلا قدم اٹھاتے ہیں۔''

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہماری کمیونٹی میں بہت سے پُرعزم اور قابل لوگ موجود ہیں۔ یہ ایک ایسا طریقہ ہے جس سے ہم ناگہانی واقعات پر سب سے پہلے کاروائی کرنے والے اپنے قابل قدر کارکنان کا ایک نیٹ ورک بنا رہے ہیں اور سب کے لیے ایک مزید صحت بخش اور محفوظ کمیونٹی تشکیل دے رہے ہیں۔ جب آپ اپنے کیریئر کا آغاز کر رہے ہوتے ہیں، تو اس طرح کے مواقع کھلنے سے آپ کی راہ میں حائل تمام رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں۔ براہ کرم اپنے مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے درخواست دینے پر غور کریں۔"

*- چیف بل بوئیز، برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

" برامپٹن فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کی غیر معمولی ٹیم کمیونٹی کی خدمت کرنے کے ساتھ ساتھ تعلیم اور ترقی کے مواقع بھی فراہم کر رہی ہے۔ جارج ہچکاک میموریل انڈومنٹ فنڈ، فائر سروس میں اپنا شاندار کیریئر بنانے کے خواہشمند افراد کے لیے ایک سالانہ پروگرام

ہے۔ یہ انڈومنٹ فنڈ ایک ایسا طریقہ ہے جس کا مقصد سٹی آف برامپٹن کی جانب سے ان لوگوں کی مدد کرنا ہے جو اس عظیم مقصد پر مبنی کام کے لیے جنون رکھتے ہیں۔"

*- مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہم سے رابطہ کریں ٹویٹر، فیس بک اور انسٹاگرام. مزید جاننے کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca